عِبَادِیَ الشَّکُوْرُ - شان میں جماعت پیغمبروں کی ہے
یا مثل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے -
فرمایا ہاں - مگر اللہ تعالے نے اپنے فضل و کرم سے مجکو اس جماعت
میں داخل کیا -
اور مولف رسالہ ہذا کو تاریخ وصال آنحضرت قدس سرہ کی جو
خیال میں آئی وہ یہ ہے یعنی لفظ جاہ تربت پاک ہویدا ہے -

بیت

مسند احمد مرسل ستعو کرد — از ہجر او فلک را سینہ چاک
بخاک ترتیب لن شد تمم — نگہ کردیم جاہ تربت پاک

۱۲۳۴ھ

تمام ہوا ارشاد جمال احمدی

Marfat.com

منقبت حضرت امام ربانی تصنیف مؤلف

مسئلہ ہے مجدد کون ولی سلطان عالم سرہندی
ہے شان تمہاری العلی سلطان عالم سرہندی

تم نائب احمد احمدؐ ہو تم پیارے احد کی بیحد ہو
مثل نہ ہوا ہے کوئی ولی سلطان عالم سرہندی

تعریف بھلا ہو آپکی کیا حیران یہاں ہے فکر رسا
کہتے ہیں سبھی فرشی عرشی سلطان عالم سرہندی

کیا رتبہ عالی ہو بیاں مجھ عاجز سے اے شاہ شہاں
تم سارے جہاں کے ہو ہادی سلطان عالم سرہندی

از فرش زمیں تا عرش بریں کہتے ہیں تمہیں سب اہل یقیں
محبوب خدا محبوب نبی سلطان عالم سرہندی

اے ابر سخی بحر عطا اے مہر وفا اے شمع ہدیٰ
قربان ہو تم پہ جان میری سلطان عالم سرہندی

تم شاہ ہدا تم راہ نما تم نائب خدا ہو نور خدا
تم یکتا ہو تم لاثانی سلطان عالم سرہندی

تم شاہ شہاں تم فخر زماں تم جان جہاں تم عرش مکاں
فریاد تمہیں سے ہے میری سلطان عالم سرہندی

لاکھوں ہیں ستارے گم مجھ سے اے شمس ضیا ضو میں تری
فریادی تمہی سے مرشد بھی سلطان عالم سرہندی

اے مہر ولایت شاہ شہاں اے شمس ہدایت جان جہاں
سب کے لطیفے ہوں جاری سلطان عالم سرہندی

میں در پہ تمہارے آیا ہوں اور چند مرادیں لایا ہوں
ہو جائیں یہ پوری میری سبھی سلطان عالم سرہندی

اس درگہ عالی پہ شاہا گم [illegible] ہوں میں آیا
اب کیجئے میری راہبری سلطان عالم سرہندی

اعزاز حزیں کو اے شاہا دو خواب میں اپنا جلوہ دکھا
مدت سے تمنا ہے اسکی سلطان عالم سرہندی

تمام شد

Marfat.com

شجرۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مع مختصر اوصاف و تاریخ ولادت و وفات و جائے مزار

نمبر شمار اسمائے بزرگان	بسم اللہ الرحمن الرحیم	

۱ حضرت محمد رسول اللہ آپکی تعریف میں نفس کل جہان عاجز آپ خاتم النبیین سیدالمرسلین رحمۃ للعالمین سرور عالم
فخر بنی آدم محبوب خدا ہیں صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ وسلم حضور کی ولادت باسعادت
بوقت صبح صادق بروز دوشنبہ بتاریخ بارہویں ربیع الاول بسال فیل بعد چہ سو برس حضرت روح اللہ
عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اور وفات شریف بروز دوشنبہ بتاریخ بارہویں ربیع الاول سنہ ۱۱ھ
ہجری مقدسہ مزار مقدس ومطہر مدینہ طیبہ در حجرہ شریف حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

۲ امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ خلیفہ اول وجانشین یار غار جناب رسول
مقبول ہیں۔ آپ دریائے عشق نبی میں غرق تھے۔ اسی وجہ سے آپکو سب کچھ حاصل ہوا۔
اور نسبت اور رابطہ سے تکمیل پائی۔ جامع کمالات صوری ومعنوی ہوئے۔ اور تمام اصحاب کرام میں
افضل اور تمام خلق خدا کے سرور ہوئے۔ ولادت آپکی بروز پنجشنبہ بتاریخ پندرہویں ربیع الاول
بعد دو برس چار مہینے واقعہ فیل سے وفات آپکی بروز شب سہ شنبہ بائیسویں جمادی الثانی
سنہ ۱۳ھ میں مزار مبارک مدینہ منورہ روضہ مقدس حضرت حبیب خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں

۳ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ بڑے جان نثار حبیب کردگار اصحاب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم میں آپنے فیض باطنی حضرت امیر المومنین صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پایا۔ اور
انکی خاص توجہ سے مرتبہ تکمیل کو پہنچے۔ آپ ملک پارس میں پیدا ہوئے۔ زبان آپکی فارسی تھی حضرت جبرئیل
علیہ السلام نے اپنا آب دہن آپکے منہ میں ڈالا اُسوقت سے عربی زبان بخوبی بولنے لگے۔
ایک ہرن اور ایک پرند آپکے بلانے سے فوراً حاضر ہوا۔ وفات آپکی دسویں (۱۰) رجب سنہ ۳۳ھ کو ہوئی

مزار ... و بعضی وفات آنحضرت ... رجب سنہ ۳۵ھ واقع شد از لفظ لباب سنہ وفات دریاب

مزار مبارک آپکا مداین میں ہے۔

۴ حضرت امام قاسم بن محمد بن حضرت صدیق اکبر رضہ آپ کبار تابعین اعاظم فقہا سے مدینہ منورہ سے ہیں آپکی پرورش آپکی پھوپی ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضہ نے کی۔ اور فیض باطنی آپنے حضرت سلمان فارسی رضہ سے حاصل کیا۔ آپکی عمر سو برس (۱۰۰) سے زیادہ ہوئی۔ مزار مبارک درمیان مکہ معظمہ و مدینہ منورہ کے ہے۔ وفات آپکی چوبیسویں (۲۴) جمادی الاول سنہ ۱۰۱ھ میں ہوئی۔

۵ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ حضرت امام حسین رضہ کے پرپوتے اور حضرت امام قاسم بن محمد بن حضرت صدیق اکبر رضہ کے نواسے ہیں۔ فیض باطنی حضرت امام قاسم سے پایا۔ آپ بڑے کاملین اولیا میں ہوئے ہیں۔ ولادت آپکی بروز سہ شنبہ بتاریخ آٹھویں رمضان شریف سنہ ہیں۔ اور وفات بروز دوشنبہ بتاریخ پندرہویں رجب ۱۴۸ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک مدینہ منورہ مقام بقیع قبہ اہل بیت میں۔ وقیل سنہ ۱۴۶ھ وفات ناصح تاریخ ایشان است

۶ سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامی رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ بڑے اولیا کاملین سے ہیں۔ آپنے ایک سو تیرہ (۱۱۳) بزرگوں کی صحبت اور خدمت حاصل کی۔ اور حضرت امام جعفر صادق رضہ کے فیض روحانیت سے مرتبہ کمال کو پہنچے۔ آپ بڑے صاحب کرامت اور مقامات تھے۔ ایک مرتبہ آپکے اشارہ سے شیر خدمت میں حاضر ہوا۔ اور ایک دفعہ ایک حالت میں آپنے فرمایا سُبْحَانِیْ مَا اَعْظَمَ شَانِیْ دوسرے وقت میں لوگوں نے کہا۔ کہ آپنے یہ کلمہ کہا تھا۔ آپنے فرمایا اگر پھر میں یہ کہوں۔ تو سزا اسے شرعی دینا۔ جب دوبارہ پھر اسی حالت میں آپکی زبان سے یہ کلمہ جاری ہوا۔ تو بموجب ارشاد کے بعض نادان مریدوں نے چھریاں ماریں مگر آپ پر مطلق اثر نہوا۔ ایک بے ادب نے اپنا پاؤں آپکے قدم مبارک پر رکھدیا۔ وہ شخص فوراً کوڑھی ہو گیا۔ ایک بار آپ دجلہ کے پار جانا چاہتے تھے کنارہ دریا پر دو جانور ملے اور چاہا کہ آپکو اپنے اوپر بٹھا کر پار پہنچائیں۔ آپنے فرمایا ہم اسپر فخر نہیں کرتے۔ اجرت دیکر کشتی پر جائینگے۔ ہمکو کرامت نہیں چاہیئے۔ ولادت آپکی سنہ ۱۳۶ھ میں اور وفات آپکی بروز جمعہ پندرہویں شعبان سنہ ۲۶۱ھ میں

Marfat.com

ہوئی۔ مزار مبارک شہر بسطام میں۔ یہ شہر ملک فارس میں ہے۔ تاریخ وفات اکرم ست ۲۶۱

۷ حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ بڑے اولیاء کاملین سے غوث زمانہ تھے۔ آپنے تربیت حضرت بایزید رض کی روحانیت سے پائی۔ اور تکمیل کو پہنچے۔ اور ظاہری سلسلہ آپکا حضرت بایزید رض تک اسطرح ہے۔ کہ آپ مرید حضرت شیخ ابوالمظفر مولانا ترک طوسی رض کے اور وہ مرید حضرت ابو یزید عشقی رض کے۔ اور وہ مرید حضرت شیخ محمد مغربی رض اور وہ حضرت بایزید بسطامی رض کے آپ بڑے صاحب کرامات تھے۔ ایکبار ایک جگہ آپنے زمین کھود دی تو اس میں سے چاندی اور سونا۔ اور جواہرات نکلا آپنے سبکو پھینک کر فرمایا۔ کہ ہم خدا کو چھوڑ کر دنیا کو نہیں لیتے ایک دفعہ گرم تنور میں آپنے دست مبارک ڈالکر زندہ مچھلی نکالی۔ ایک دفعہ آپ دیوار تعمیر فرما رہے تھے۔ اور شیخ بوعلی سینا کھڑے ہوئے دیکھ رہے تھے۔ اتفاقاً بسولی نیچے گر پڑی۔ پھر وہ بسولی خود بخود آپکے ہاتھ میں آگئی۔ یہ دیکھکر شیخ حیران ہوگئے۔ ایکبار محمود بادشاہ کو آپنے اپنا پیرہن مبارک دیا۔ جب محمود سومنات کی لڑائی پر گئے۔ اور بڑی مشکل پیش آئی۔ یعنی شکست کا وقت قریب آگیا۔ اُسوقت محمود نے پیرہن مبارک اپنے ہاتھوں میں لیکر دعا مانگی۔ کہ الٰہی اسکی برکت سے فتح دے۔ اللہ تعالےٰ نے انکو فوراً فتحیاب کیا۔ شب کو خواب میں آپنے محمود سے فرمایا۔ کہ تونے میرے پیرہن کی کچھ قدر نکی۔ اگر تو اُن سب کیلئے اسلام کے واسطے دعا مانگتا۔ تو اللہ تعالےٰ سبکو مشرف باسلام فرماتا۔ وفات آپکی شب عاشورہ محرم ۴۲۵ھ میں ہوئی مزار مبارک خرقان میں ہے۔ خرقان مضافات بسطام سے ہے تاریخ وفات حضرت نائب رسول اللہ ۴۲۵

۸ حضرت خواجہ ابو علی فارمدی رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپنے فیض باطنی حضرت شیخ ابوالحسن خرقانی سے پایا آپکے ایک مرید حمزہ نامی کی ہانڈی جسمیں گوشت رکھا تھا۔ پھوٹ گئی۔ اور گوشت کتا کھا گیا۔ آپنے بدون اُنکے عرض کرنیکے اُنسے فرمایا۔ کہ جو مرید اپنے پیر کا کہنا نہیں مانتا اُسکی ہانڈی یونہی پھوٹا کرتی ہے۔ اور گوشت کتا کھا لیتا ہے۔ ولادت آپکی ۴۳۲ھ

اور وفات چوتھی ربیع الاول ۴۷۵ھ کو ہوئی۔ مزار پر انوار طوس میں ہے۔ جسکو اب مشہد کہتے ہیں
اور فارمد ایک موضع ہے مضافات طوس سے ہے

۹ حضرت خواجہ محمد یوسف ہمدانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ ابو علی فارمدی
سے پایا۔ اور کملاے اولیا میں سے آپ ہیں۔ آپکی تصنیفات میں رتبۃ الحیا۔ اور منازل السالکین
اور منازل السائرین ہیں۔ حضرت علی بن غیش رض نے چند جزء اسے آپنے خواب میں آنکو
بتایا کہ یہ جز میری کتاب رتبۃ الحیات کے ہیں۔ ایک شخص نے عین وقت وعظ کے برسر
آپسے کوئی مسئلہ دریافت کیا۔ آپنے فرمایا بیٹھ جاؤ۔ شاید مرتے وقت تم ایماندار نہو۔
آخر ایسا ہی ہوا کہ وہ بادشاہ روم کے پاس سفیر ہو کر گیا۔ اور وہاں نصرانی ہو کر مرا۔
ولادت آپکی ۴۴۰ھ میں اور وفات ستائیسویں رجب المرجب ۵۳۵ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک
مرو میں ہے۔ جہاں ایک شہر ملک فارس میں ہے۔ ہو امام العارفین تاریخ الشان

۱۰ حضرت خواجہ عبد الخالق غجدوانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ محمد یوسف
ہمدانی رض سے پایا۔ اور حضرت خضر علیہ السلام سے خفیہ ذکر کی تعلیم پائی۔ پہلے آپ ذکر
نفی اثبات باواز بلند کیا کرتے تھے۔ آپ بڑے کامل و اکمل سر دفتر طبقہ خواجگان ہیں۔
آپکا مرتبہ ولایت یہانتک بڑھا ہوا تھا۔ کہ روزمرہ ایک وقت کی نماز قوت باطنی سے بیت اللہ شریف
میں پڑھا کرتے تھے۔ آپکا وصیت نامہ آداب طریقت میں مشہور ہے۔ جو خواجہ کبیر کو
آپنے تحریر فرمایا تھا۔ آپکی یہ آٹھ (۸) اصطلاحیں۔ ہوش در دم۔ نظر بر قدم۔ سفر در وطن۔ خلوت
در انجمن۔ یاد کرد۔ باز گشت۔ نگاہداشت۔ یادداشت۔ طریقہ عالیہ نقشبندیہ میں
مشہور ہیں۔ اور طریقہ خواجگان کی بنا انہیں پر ہے۔ وفات آپکی بارہ ربیع الاول ۵۷۵ھ
میں ہوئی۔ مزار مبارک غجدوان میں۔ غجدوان بخارا سے قریب تین کوس کے ہے۔

۱۱ حضرت خواجہ محمد عارف ریوگری رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ عظماے اولیا اور کبراے
مشایخ ترک سے ہیں۔ علم۔ حلم۔ تقوےٰ۔ نہایت درجہ رکھتے تھے۔ فیض باطنی آپنے

حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رضہ سے حاصل کیا۔ اور مدت دراز تک سجادہ ارشاد پر جلوہ افروز رہے۔
وفات آپکی غرۂ شوال ۶۱۶؁ھ میں ہوئی۔ مزار مقدس بوگر میں سولہ (۱۶) کوس بخارا سے ہے۔ آپکی عمر مبارک
تخمیناً ایک سو چھبیس (۱۲۶) سال کی ہوئی۔ شمس برج ہدا؁ تاریخ ارتحال ایشان ہے

۱۲ حضرت خواجہ محمود الخیر فغنوی رضی اللہ تعالے عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ محمد عارف رضؓ سے حاصل کیا۔
انکے اصحاب میں آپ بڑے ممتاز اور خلوت و جلوت میں ہمساز تھے۔ ایک بزرگ نے حضرت خضر علیہ السلام سے
دریافت کیا۔ کہ اس زمانہ میں کون صاحب جادۂ استقامت پر مستقیم ہیں۔ فرمایا حضرت خواجہ محمود الخیر
فغنوی رضہ آپ گلکاری کا کام کیا کرتے تھے۔ خواجہ دہقان قلبی کے انتقال کے وقت آپکی روح پاک
علیین سے انکے پاس آئی۔ اور واپسی میں حضرت خواجہ علی رامتینی رضہ کے سر پر جو آپکے خلیفہ جلیل القدر تھے
بصورت مرغ سفید اڑتے ہوئے گذرے اور زبان فصیح نہایت شفقت سے فرمایا۔ کہ اے علی مردانہ ہو
اور اپنے کام میں ہر دم مشغول رہ۔ اس آواز سے عجیب کیفیت طاری ہوئی کہ جس سے تمام اہل مجلس
بیہوش ہوگئے۔ ریوگر ایک گاؤں بخارا سے سولہ (۱۶) کوس ہے۔ وہاں سے غجدوان ایک کوس
شرعی ہے۔ وفات آپکی سترہویں (۱۷) ربیع الاول ۷۱۵؁ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک موضع انجیر فغنی میں
جو سات (۷) کوس بخارا سے ہے۔ بادشاہ عارفان تاریخ ارتحال ایشان ہے

۱۳ حضرت خواجہ عزیزان علی رامتینی رضی اللہ تعالے عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ محمود الخیر فغنوی رضہ سے
حاصل کیا۔ اور بڑے زبردست اولیاء صاحب کمال و کرامات سے ہوئے۔ آپ نساجی کا کام
کرتے تھے۔ ایک روز سید آتا صاحب کا لڑکا ترک پکڑ کر لیگئے۔ سید صاحب آپکی خدمت میں آئے۔
اور یہ ماجرا بیان کیا۔ آپنے فرمایا جبتک لڑکا نہ آئیگا میں کھانا نہ کھاؤنگا۔ تھوڑی دیر گذری کہ لڑکا
آپکے پاس آگیا۔ ایک وقت تیرہ شخصوں نے یکے بعد دیگرے آپسے عرض کیا کہ آج آپ میرے مکان پر
کھانا تناول فرمائیں۔ آپنے ہر شخص سے اقرار کر لیا۔ اور شام کو ایک ہی وقت سبکے مکانوں پر موجود ہوئے
ایک دفعہ آپکے ایک غلام نے عرض کی کہ حضرت میں مثل آپکے ہو جاؤں۔ پس آپکی توجہ سے وہ بالکل
صورت و سیرت میں مثل آپکے ہوگیا۔ مگر پھر چالیس دن زندہ رہا۔ خوارزم میں آپنے اسطرح فیض

جاری کیا کہ ہر روز دو مزدوروں کو بلاتے اور انکو وضو کرا کر ذکر الٰہی کراتے اور اپنی توجہ سے انکے قلبوں کو
نورانی کرتے اور شام کو مزدوری دیکر رخصت فرماتے۔ اسطرح ہزارہا آدمیوں کو گروہ اولیا میں داخل
کر دیا۔ وفات آپکی بروز دوشنبہ ستائیسویں (۲۷) رمضان المبارک ۷۲۱ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک شہر خوارزم
میں کہ جو ملک خارزم میں ہے۔ رامیتن قصبہ ہے۔ بخارا سے چھ (۶) میل پر۔ نساج بفتح و تشدید۔
باخذہ کشف اللغات مولانا روم علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ؎

گر نہ علم حال فوق قال بودی کے شدے	بندہ اعیان بخارا خواجہ نساج را

ایک مشہور شہر خوارزم میں ہے۔ ہفصد و بست و یک ز ہجرت بود رفت آن شبلی و جنید زمان

۱۴ حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رضی اللہ تعالے عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ علی رامیتنی رض سے پایا
اور اولیاء اولو العزم سے ہوے۔ جب آپ کوشک ہندوان مسکن حضرت خواجہ سید بہاء الدین
نقشبند رض سے گذرتے تو فرماتے کہ یہاں سے ایک شخص کی خوشبو آتی ہے جسکی قدموں کی
برکت سے یہ کوشک ہندواں قصر عرفان ہوجائیگا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا وفات آپکی دسویں (۱۰) جمادی الآخر
۷۵۵ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک سماس میں ہے۔ جو قریب بخارا کے ہے۔ ہادی واصل باخدا

۱۵ حضرت سید امیر کلال رضی اللہ تعالے عنہ آپ ولی مادر زاد تھے۔ ابتدائی زمانہ شباب میں
آپکو کشتی کا شوق تہا۔ ایکروز حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رض جہاں آپ کشتی لڑ رہے تھے تشریف لیگئے
اور آپکو دیکہا۔ آپ بیقرار ہوکر دوڑے اور حضرت کے قدم مبارک پر گرے۔ اور پہر مرید ہوکر
فیض باطنی حاصل کیا۔ اٹہائیس (۲۸) برس آپ حضرت پیر و مرشد کی خدمت میں رہے۔ اور جامع علوم
شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت ہوے۔ کام آپ زراعت کا کیا کرتے تھے۔ وفات آپکی
بروز پنجشنبہ بوقت بعد نماز فجر پندرہویں (۱۵) جمادی الثانی ۷۷۲ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک سوخاریہ میں ہے
جو مضافات بخارا سے ہے۔ صاحب انوار عرفان بود تاریخ ارتحال ایشان ست

۱۶ حضرت خواجہ خواجگان پیر پیران امام الطریقہ سید بہاء الدین نقشبند بخاری رضی اللہ تعالے عنہ
آپ سرحلقہ خواجگان نقشبند اور امام الطریقہ ہیں بچپن سے آپکے چہرہ مبارک سے آثار کرامت

Marfat.com

اور ہدایت ظاہر تھے۔ اور حضرت خواجہ محمد بابا سماسی رضؓ کی فرزندی میں سرفراز تھے۔ اور فیض باطنی
حضرت سید امیر کلال رضؓ سے پایا۔ اور تکمیل حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی رضؓ کے روحانیت سے
پائی۔ حضرت خواجہ محمود انجیر فغنوی رضؓ کے وقت سے حضرت سید امیر کلال رضؓ تک حضرات طریقت
ذکر جہر بھی کرتے تھے۔ آپنے جہر چھوڑکر خفی کو جاری فرمایا۔ آپ اس طریقہ عالیہ میں بڑے صاحب کرامت
و ولایت ہیں ایک روز آپنے حضرت خواجہ علاء الدین رضؓ کے پاؤں پر اپنا قدم مبارک رکھدیا۔
اُسیوقت تمام عالم اُنپر منکشف ہوگیا حضرت مولانا محمد عارف رضؓ خوارزم میں تھے۔
آپنے بخارا میں تمام حال اُنکا بیان کردیا جب لوگوں نے تحقیق کیا تو اسیطرح پایا۔ جو آپنے بیان
کیا تھا۔ ایکمرتبہ آپنے اپنی ایک حالت میں حضرت خواجہ محمد زاہد رضؓ سے فرمایا۔ کہ مرجاؤ۔ وہ فوراً مرگئے۔
پھر باشارۂ غیبی فرمایا کہ زندہ ہوجاؤ۔ وہ زندہ ہوگئے۔ ایک شخص ایک رات اپنی محبوب کے ساتھ
بوس و کنار میں رہا۔ اور صبح کو آپکی خدمت میں حاضر ہوکر اشتیاق زیارت اور آپکی محبت کا اظہار
کیا۔ آپنے فرمایا واہ صاحب رات کو وہ کام کرو۔ اور دن میں ہمسے یوں کہو۔ ہمسے محبت رکھنے والے
اُس کام کو ہرگز نہیں کرتے ہیں۔ وہ شخص یہ سنکر نہایت شرمندہ ہوئے۔ اور ہر فعل بد سے
سچی توبہ کی۔ ولادت آپکی بماہ محرم الحرام ۷۰۸ھ میں۔ اور وفات شب دوشنبہ تیسری ربیع الاول
۷۹۱ھ میں ہوئی۔ مزار پر انوار قصبۂ عارفاں کہ جو تین میل بخارا سے ہے۔ قصر عرفان تاریخ
حضرت خواجہ محمد علاؤالدین عطار رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ سید بہاؤالدین نقشبند قدس سرہ ١٧
سے حاصل کیا۔ آپ جامع علوم ظاہری و باطنی بڑے صاحب کرامت و ولایت ہیں۔ آپ ایسا رتبہ
عالی رکھتے تھے۔ کہ جناب حضرت خواجہ بزرگ رضؓ سے جب مسند ارشاد پہ بیٹھے تو تمام اصحاب حضرت
خواجہ بزرگ رضؓ نے دوبارہ آپکے دست مبارک پر بیعت کی۔ ایک گروہ معتزلیوں پر آپنے نظر ہدایت
ڈالی۔ فوراً انکار حق سبحانہ تعالیٰ انکے دلوں سے جاتا رہا۔ ایک دفعہ آپکے ایک مرید نے کسی عورت پر نظر
ڈالی۔ جب آپکی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپنے غصہ سے فرمایا۔ کہ وہ بات بیان کرو نہیں
تباہ دونگا۔ یہ سنکر وہ نہایت شرمندہ ہوا۔ اور عرض کرکے توبہ کی۔ وفات آپکی شب چہارشنبہ کو

Marfat.com

بعد نماز عشا کے بیسویں (۲۰) تاریخ رجب ۸۰۲ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک موضع قو تجھا بنیاں میں ہے۔
جو کہ ملک ماوراء النہر میں ہے۔ شمس عارفان تاریخ وفات شریف آنکی ہے

۱۸ حضرت مولانا محمد یعقوب چرخی رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ بڑے اصحاب کامل و اکمل حضرت خواجہ بہاؤ الدین
نقشبند رضہ کے تھے۔ باطنی فیض آپنے حضرت خواجہ محمد علاء الدین عطار رضہ سے پایا۔ آپنے کلام اللہ
شریف کے آخر کی دو پارو نکی تفسیر لکھی ہے۔ اور بڑے اسرار اُسمیں لکھے ہیں۔
اُسکو دیکھنے سے ذوق و شوق بہت ہوتا ہے۔ آپسے ایکبار حضرت خواجہ نقشبند رضہ نے فرمایا
تھا۔ کہ تمہارا ہاتھ گویا میرا ہاتھ ہوگا۔ اور جو تمسے مرید ہوگا۔ وہ بعینہ میرا مرید ہوگا۔ آپ موضع چرخ
کے رہنے والے تھے۔ وفات آپکی پانچویں (۵) صفر ۸۵۱ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک موضع ہلفتو یہ موضع ملک
خراسان میں واقع ہے۔ شمس الہدایت تاریخ وصال کی ہے

۱۹ حضرت خواجہ ناصر الدین المعروف بہ خواجہ عبید اللہ احرار رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ آپ ولی مادر زاد تھے۔
آپنے فیض حضرت مولانا یعقوب چرخی رضہ سے پایا۔ اور ایک نُور کامل ہو گئے حضرت مولانا
ممدوح رضہ نے آپکی نسبت فرمایا تھا کہ طالبانِ حق میں طالب ایسا ہونا چاہئے۔ آپ بڑے
صاحب کرامت اور ولایت تھے۔ حضرت خواجہ ترک ثانی آپکے مرید ایکروز ہوا پر اُڑتے ہوئے جاتے تھے
آپنے یہ گستاخی اُنکی دیکھکر تمام حال سلب فرمالیا۔ اِس بات پر وہ آپکے دشمن جانی ہو گئے۔
ایک روز تنہا پاکر چاہا کہ مار ڈالوں۔ اور قریب جاکر چاہتے تھے کہ چھُری ماریں اُسوقت فوراً
آپ ایک چرواہے کی شکل میں اُنکو ظاہر ہوئے۔ اُنہوں نے حیران ہو کر تامل کیا۔ آپنے اُنکی ہاتھ سے
چھُری چھینکر اور اپنی اصلی صورت میں ہو کر فرمایا۔ کہ بتا اب میں تیرا کیا حال کروں۔ وہ قدم
مبارک پر گر پڑے اور توبہ کر کے معافی چاہی۔ آپنے اُنکا قصور معاف فرما دیا۔ اور جو حال سلب
فرمایا تھا۔ عطا فرما دیا۔ سُبحان اللہ کیا آپکی رحمت تھی۔ شیخ ابو سعید جو آپکے معتقدوں میں سے تھے
وہ ایکروز اپنے مکان میں ایک عورت جمیلہ پر ہاتھ ڈالنا چاہتے تھے۔ ناگاہ حضرت کی آواز
اُنہوں نے سُنی کہ فرماتے ہیں۔ اے ابو سعید کیا کرتا ہے۔ ابو سعید نے آپکی آواز سے نہایت

منقول ہے۔ اور اس فعل ناجائز سے بچ گئے۔ ایکبار چند خادم آپکے بازار کو گئے تھے۔ ایک طالب خوبجمال کو دیکھنے لگے۔ دوسرے نے منع کیا۔ اُنھوں نے جواب دیا کہ میں شہوت نفسانی سے نہیں دیکھتا ہوں۔ جب واپس آئے قبل اسکے کہ کچھ کہیں آپنے فرمایا کہ میں تو ابتک نفس کے مکر سے مطمئن نہیں ہوں۔ آپ کب سے ایسے ہوگئے کہ بدون شہوت نفسانی کے دیکھنے لگے۔ وہ بہت شرمندہ ہوئے اور توبہ کی۔ جو خطرہ کسیکی دلمیں بُرا ایکا۔ آتا تھا۔ آپ فوراً بنظر ہدایت ظاہر فرمادیتے تھے۔ ولادت آپکی ماہ رمضان المبارک ۸۰۶ھ میں اور وفات بروز شب دو شنبہ اُنتیسویں (۲۹) ربیع الاول ۸۹۵ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک سمرقند میں ہے۔ خواجہ عابد ان عبید الله

۲۰ حضرت مولانا محمد زاہد رضی اللہ تعالے عنہ۔ آپ اقربائے حضرت مولانا یعقوب چرخی رضہ سے ہیں۔ فیض باطنی حضرت خواجہ عبید الله احرار رضی اللہ عنہ سے حاصل کیا۔ آپ انکے بڑے مقبولوں اور عاشقوں اور محرموں میں تھے۔ اور جامع علوم ظاہر و باطن تھے۔ مرید ہونیسے پہلے ہمیشہ زہد ریاضت میں مشغول رہتے تھے۔ ایکروز باشارہ غیبی حضرت خواجہ احرار رضہ کی خدمت فیضدرجت میں آئے اور بیعت کی۔ اور آناً فاناً میں تکمیل کو پہنچے۔ اور اُسیوقت آپکو حضرت خواجہ رضہ نے صاحب ارشاد کیا۔ آپنے ایک عالم کو اپنے فیضان سے مالامال کیا۔ وفات آپکی غرہ ربیع الاول ۹۳۶ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک موضع وخش میں۔ یہ مضافات ملک حصار سے ہے۔ ہو ولی شیخ تاریخ ہے

۲۱ حضرت مولانا خواجہ درویش محمد رضی اللہ تعالے عنہ آپ برادر ہمشیرہ زادہ بھی حضرت مولانا محمد زاہد رضہ کے تھے۔ اور خلیفہ بھی۔ آپنے بیعت ہونیکے بعد پندرہ (۱۵) برس تک نہایت مشکل زہد و ریاضت کی۔ ایک روز سخت بھوک کی حالتمیں آپ آسمان کی طرف دیکھنے لگے۔ اسوقت حضرت خضر علیہ السلام آئے اور فرمایا کہ حضرت خواجہ محمد زاہد رضہ کی خدمت میں جاؤ اور اُنسے صبر و قناعت سیکھو۔ آپ آپکی خدمتمیں آئے۔ اور کمال کو پہنچے۔ ایکمدت تک آپ مسند ارشاد پر رونق افروز رہے اور عالم کو دولت فیض سے مالامال کیا۔ وفات آپکی اُنیس محرم ۹۷۰ھ کو ہوئی۔ مزار مبارک موضع اسفرار میں جو مضافات شہر سبز ملک ماوراء النہر سے ہے۔ زہے شیخ ابدال تاریخ گفت

۲۲ حضرت مولانا محمد خواجگی امکنگی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپنے فیض باطنی والد ماجد حضرت مولانا درویش محمد رحمۃ سے پایا۔ آپ بڑے کامل و اکمل ہوئے۔ تیس برس تک اپنا کمال چھپائے رہے۔ ایکمرتبہ تین آدمی آپکے امتحان کرامت کیلئے آئے۔ اور جو جو کچھ اپنے دل میں سوچا اور چاہا تہا۔ آپنے وہی فرمایا۔ اور ارشاد کیا۔ کہ اس گروہ کا حال مختلف ہے۔ انکے پاس امتحان کی ارادہ سے آنا نہ چاہئے۔ ایسے خیالات کے سبب سے انکے برکات سے محرومی رہتی ہے۔ انکے دیکھنے کو خالصاً للہ آنا چاہئے۔ ایک دفعہ عبد اللہ خان والی توران نے آپکو خواب میں جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمتمیں کمربستہ حاضر دیکھا۔ جب خواب سے بیدار ہوا۔ تو آپسے ملا۔ اور پہچانکر قدمبوس ہوا۔ ولادت آپکی ۹۱۸ھ میں اور وفات آپکی بائیسویں شعبان ۱۰۰۸ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک قصبہ امکنگ میں ہے۔ جو شہر بخارا سے تین میل ہے۔ مرکز دائرہ قطبیت تاریخ ہے

۲۳ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ سمرقند کے رہنے والے تھے۔ اول آپنے حضرت خواجہ احرار رض کی روحانیت سے تربیت پائی۔ پھر بہ بشارت حضرت خواجہ احرار رض حضرت مولانا خواجگی امکنگی رض کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی۔ اور مرید ہوکر فیض باطنی حاصل کیا۔ اور فقط تین دن میں کامل و اکمل ہوگئے۔ پھر حضرت پیر و مرشد کی خدمت سے باجازت رخصت ہوکر دہلی میں تشریف لائے۔ دہلی میں بڑی بڑی کرامتیں آپسے ظاہر ہوئیں۔ اور آپ بہت جذب و عشق رکھتے تھے۔ اور بہت کم سوتے اور نہایت قلیل کہانا تناول فرماتے اور بہت ہی کم بات کرتے تھے۔ شیخ چاند نامی مرید تھے آپنے انکو اپنے سینہ فیض گنجینہ سے لگایا۔ فوراً وہ مرض انکا جاتا رہا۔ ایکروز ایک لڑکا قلعہ پر سے گرکر مرگیا۔ آپنے فرمایا۔ یہ مرا نہیں ہے صدمہ کیوجہ سے یہ حالت ہوگئی ہے۔ یہ فرماکر اس لڑکے کو آپ اٹھاکر اپنے حجرہ میں لیگئے۔ اور تہوڑی دیر کے بعد اسکا ہاتھ پکڑے ہوئے آپ باہر لائے۔ اور فرمایا کہ دیکھو یہ مرا نہیں تہا۔ لوگ حیران ہوگئے۔ (۷۵) ولادت آپکی ۹۷۱ھ میں اور وفات پچیسویں جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ میں اکتالیس برس کی عمر میں

میں ہوئی - مزار مبارک دہلی میں بیرون شہر اجمیری دروازہ - بحر بود تاریخ وفات ہے

۲۴ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی سردار طریقہ نقشبندی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ تعالےٰ عنہ

آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ باقی باللہ رض سے حاصل کیا - آپ بڑے کامل واکمل شیخ وقت تھے

اور آپ مرتبہ نہایت کے صاحب کرامت وولایت وہدایت سے تھے - تمام عالم میں آپکی فیضان

کی ابتک دھوم ہے - اور رہیگی - اس واسطے کہ آپ تو مجدد الف ہیں - یہ مرتبہ عالی تو خاص

آپہی کا ہے - آپکے حالات بیان سے باہر ہیں - آپکی تعریف کرنا محال ہے -

کتاب مقامات سعیدیہ میں لکھا ہے کہ آپکے پیر ومرشد حضرت خواجہ صاحب رض نے فرمایا -

شیخ احمد جی ایک آفتاب ہیں کہ جسکی روشنی میں ہمجیسے ستارے ہزاروں گم ہیں - آپکی فضائل ومعارف

آپہی کے مکتوبات شریف سے ظاہر ہوسکتے ہیں - ولادت شریف آپکی نوسو اکہتر ۹۷۱ سنہ میں

اور وفات شریف اٹھائیسویں (۲۸) صفر ۱۰۳۴ سنہ میں ہوئی - عمر شریف آپکی تریسٹھ ۶۳ سال کی ہوئی

مزار مقدس ومنور سرہند شریف میں ہے - ظل ... تاریخ وفات سے

۲۵ حضرت عروۃ الوثقےٰ خواجہ شیخ محمد معصوم رضی اللہ تعالےٰ عنہ - آپکی تعریف بھی بیان سے باہر ہے

اس جگہ اتنی کافی ہے - کہ آپ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رض کے سب سے منجھلے صاحبزادہ

اور دوسرے خلیفہ ہیں - آپکے انوار سے عالم منور ہے - اور آپکی فیضان سے جہان فیضیاب

ہی - ولادت آپکی گیارہویں شوال ۱۰۰۷ سنہ یا ۱۰۰۹ سنہ میں اور وفات بروز دوشنبہ نویں (۹) ربیع الاول

۱۰۷۹ سنہ میں ہوئی - مزار مقدس سرہند شریف میں قریب روضہ مبارک حضرت امام ربانی رض کے

۲۶ حضرت خواجہ شیخ سیف الدین رضی اللہ تعالےٰ عنہ - آپ پانچویں نور نظر لخت جگر عروۃ الوثقےٰ

خواجہ محمد معصوم رض کے ہیں - آپ کمالات ظاہری وباطنی واستقامت شریعت اور ثبات

طریقت میں مثل اپنے پدر بزرگوار کے تھے - اور آپہی سے فیض باطنی حاصل کیا - ولادت آپکی

۱۰۴۹ سنہ میں اور وفات بیسویں (۲۰) جمادی الاولےٰ ۱۰۹۶ سنہ کی رات میں ہوئی - مزار مبارک آپکا

سرہند شریف میں قریب روضہ مقدس حضرت امام ربانی رض جنوب کی جانب ہے -

Marfat.com

۲۷ حضرت سید السادات سید نور محمد بدایونی رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ آپنے فیض باطنی حضرت خواجہ شیخ سیف الدین رضؓ سے حاصل کیا۔ آپ پندرہ (۱۵) برس تک مست بیہوش رہے۔ آپکی کئی روز کا کھانا۔ یعنی نان جویں پکا لیتے تھے۔ اور جب بہت بھوک معلوم ہوتی تو ایک ٹکڑا توڑ کر کھا لیتے۔ اتباع سُنّت کی حالت یہانتک تھی۔ کہ ایکروز پائخانہ میں بھولے سے سیدھا پاؤں رکھدیا تھا۔ اسکی وجہ سے تین دن تک فیض بند رہا۔ کثرت مراقبہ سے پشت مبارک میں خم ہوگیا تھا۔ ہمیشہ آپ اہل دنیا سے بہت گھبراتے تھے۔ جب کبھی کسی سے عاریتاً کوئی کتاب منگاتے تو تین روز تک اُس کتاب کو ہاتھ نہ لگاتے تھے۔ اور فرماتے تھے کہ غفلت دنیاداروں کی مثل غلاف کے لپٹی ہوئی ہے۔ ایکدفعہ ایک فاحشہ عورت نے آپکے ایک مرید کو زنا پر آمادہ کیا۔ عین موقع قربت پر آپکی نورانی صورت دونوں کے درمیان حائل ہوگئی۔ وہ عورت گھبرا کر چلّانے لگی۔ اور مرید نے نہایت منفعل ہوکر توبہ کی۔ آپکی کرم سے دونوں عذاب زنا سے بچ گئے۔ وفات آپکی گیارھویں (۱۱) تاریخ ذیقعدہ ۱۱۳۵ھ میں ہوئی مزار مبارک باہر موضع غیاث پور جنوب کی جانب قریب نالہ کے زمین زراعت میں خام ہے۔ یہ موضع دہلی سے پانچ کوس ہے۔

۲۸ حضرت محمد شمس الدین حبیب اللہ مرزا جان جاناں مظہر شہید رضی اللہ تعالےٰ عنہ۔ آپنے فیض باطنی حضرت سید نور محمد بدایونی رضؓ سے سولہ (۱۶) برس کی عمر میں حاصل کیا۔ اور کمالات مجددیہ کو پہنچے۔ آپ بڑا جذب اور عشق رکھتے تھے۔ اور اتباع سُنّت پر نہایت مستقیم تھے۔ کرامتیں آپسے بحد و نہایت واقع ہوئی ہیں۔ ایکمرتبہ محمد قاسم عظیم آبادی آپکے مرید قید ہوگئے اُنکے بھائی نے آپسے عرض کیا۔ فرمایا کہ آج اُنکا ہمارے پاس خط آیا ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ کل کو وہ چھوٹ آوینگے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ ایکدفعہ قبرستان میں ایک شخص نے امتحاناً ایک قبر کی طرف اشارہ کرکے کہا۔ کہ یہ قبر میرے دوست کی ہے۔ اُسکا حال بیان فرمائیے۔ آپنے فرمایا کہ تو جھوٹ کہتا ہے یہ قبر ایک عورت کی ہے تیری دوست کی قبر تیرے

وہ نہایت شرمندہ ہوا۔ واقعی وہ قبر عورت کی ہی نکلی۔ ولادت آپکی گیارہویں رمضان المبارک سنہ ۱۱۱۱ھ بروز جمعہ بوقت صبح اور شہادت شب شنبہ دسویں محرم الحرام سنہ ۱۱۹۵ھ میں ہوئی۔ ایک ناحق پرست نے آپکی سینہ مبارک پر طپنچہ کی گولی ماری۔ آپ اس صدمہ سے بیہوش ہو گئے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہوش ہوا تو فرمایا۔ الحمدللہ۔ جو آرزو تھی وہ برآئی۔ بادشاہ نے نام قاتل کا دریافت کیا۔ آپنے نہ بتایا۔ اور فرمایا۔ کہ ہمنے اپنا خون بخشدیا۔ اور پھر فرمایا کہ زندہ کے مارنے پر قصاص ہے۔ مردہ کے مارنے پر نہیں ہے۔ مزار پر انوار شہر دہلی میں اندر خانقاہ حضرت شاہ غلام علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ میں۔

۲۹ حضرت مجدد مائۃ محمد عبداللہ معروف شاہ غلام علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ ملک پنجاب شہر پٹیالہ میں پیدا ہوئے۔ جب سن بلوغ کو پہنچے تو بہ الہام غیبی وہاں سے دہلی میں تشریف لائے۔
اور مشایخ وقت سے ملے۔ اور بائیس ۲۲ سال کی عمر میں حضرت مرزا صاحبؒ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوکر مرید ہوئے۔ اور سنہ ۱۱۸۰ھ میں تکمیل کو پہنچے۔ اور خرقۂ خلافت پایا۔ اور بعد شہادت حضرت پیر روشنضمیر آپکے جانشین ہوئے۔ اور ہزار ہا آدمیوں کو دولت فیض سے مالامال کیا۔ ابتدائی زمانہ میں آپ ہر روز سوا چوبیس ہزار ۲۴۰۰۰ نفی اثبات ذکر کے دس پارہ قرآن مجید کے پڑھتے۔ اور دس ہزار مرتبہ ذکر نفی واثبات کرتے تھے۔ آپکی نسبت ایسی قوی تھی۔ کہ تمام خانقاہ پُرنور رہتی تھی۔ اکثر فاسق وفاجر اور کافر آپکی توجہ سے تائب ہوتے تھے۔
ایک وزا ایک برہمن کا جوان لڑکا کہ بہت خوبصورت تھا۔ آپکی محفل مبارک میں آیا۔ آپ اُسکی طرف متوجہ ہوئے۔ وہ فوراً بیقرار ہوا۔ اور اُسیوقت زنار توڑکر مسلمان ہوا اور آپکے خدام میں داخل ہوکر دولت باطنی سے مالامال ہوا۔ ولادت آپکی سنہ ۱۱۵۸ھ میں اور وفات بائیسویں تاریخ ماہ صفر سنہ ۱۲۴۰ھ میں شنبہ کو ہوئی۔ مزار مبارک دہلی میں اندر خانقاہ کے پہلو میں پیر بزرگوار حضرت مرزا صاحبؒ کے ہے۔

۳۰ حضرت شاہ ابوسعید رضی اللہ تعالےٰ عنہ آپ حضرت عروۃ الوثقےٰ خواجہ محمد معصوم رضہ بن حضرت

Marfat.com

امام ربانی مجدد الف ثانی رح کی اولاد میں ہیں۔ آپنے فیض باطنی حضرت شاہ غلام علی رح سے پایا
اور تھوڑی مدت میں آپ بڑے کمال کو پہنچے۔ کرامتیں آپسے متواتر ہوتی تھیں۔ ایک بار آپنے
گاڑی بھری ہوئی دریا میں ڈلوادی۔ وہ پانی پر ایسی چلتی تھی جیسے زمین پر چلتی ہے۔ گاڑیبان یہ
کرامت دیکھکر ایمان لایا۔ اور آپکا بڑا معتقد ہوا۔ ایکروز آپ دہلی کے قلعہ میں تشریف رکھتے تھے۔ وہاں
ایک شہزادہ نے مسے عرض کیا کہ مینے کبھی کسی بزرگ کی کرامت نہیں دیکھی ہے۔ یہ سنکر آپنے ایک نعرہ
مارا کہ جسکے سنتے ہی تمام حاضرین بیہوش ہوکر گر پڑے۔ اِس کرامت سے سب لوگ نہایت معتقد ہوئے
ولادت آپکی ریاست رامپور میں دوسری تاریخ ذلیقعدہ ۱۱۹۶ھ میں اور وفات آپکی بمقام ریاست ٹونک
شنبہ کے دن بتاریخ یکم شوال ۱۲۵۰ھ میں ہوئی۔ مزار مبارک شہر دہلی اندر خانقاہ موصوف
پہلو میں اپنے پیر بزرگوار کے۔

۳۱ حضرت شاہ احمد سعید رضی اللہ تعالے عنہ آپ مشایخ زمانہ میں یکتا تھے۔ آپکی نسبت نہایت درجہ
قوی تھی۔ بڑے بڑے عالم فاضل حاضر ہوتے۔ اور زمرہ خدام میں داخل ہوکر دولت
معرفت سے مالامال ہوتے۔ اکثر فساق فجار اور کفار آپسے ہدایت پاتے۔ ہزاروں آپسے
محبت رکھنے کی بدولت مرتبہ ولایت کو پہنچے۔ آپنے فیض باطنی حضرت شاہ غلام علی رح سے
پایا۔ اور مرتبہ کمال کو پہنچکر خلافت پائی۔ چونکہ آپکے پدر بزرگوار حضرت شاہ ابو سعید رح بھی حضرت
شاہ غلام علی رح کے خلیفہ تھے اور آپنے انسے بھی فیض باطنی حاصل کیا تھا۔ اِس سبب سے اسم مبارک شجرہ عالیہ میں رکھا ہے
ولادت آپکی غرہ ربیع الآخر ۱۲۱۷ھ میں اور وفات سہ شنبہ کے دن دوسری تاریخ ربیع الاول ۱۲۷۷ھ
میں ہوئی۔ مزار پُر انوار مدینہ منورہ بقیع میں قریب قبہ مطہرہ امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ
تعالے عنہ قبلہ کی جانب ہے۔

۳۲ حضرت مولانا و مرشدنا میاں محمد ولی النبی صاحب فاروقی نقشبندی مجددی مدظلہ العالی۔ آپنے فیض باطنی حضرت
شاہ احمد سعید رح سے پایا۔ حضرت شاہ صاحب آپسے نہایت خصوصیت رکھتے تھے۔ اور فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے
مولوی محمد ولی النبی صاحب اسم بامسمی ہیں۔ اور ہمارے دوستوں میں ہمکو یہ محبوب تر ہیں۔

Marfat.com

آپکی حلم سے سب آپکو جاننے والے بخوبی واقف ہیں۔ آپکی فیضان سے ہزارہا آدمی فیضیاب ہو گئے۔ اللہ تعالے یہ فیض آپکا اس صورت میں تا دیر قائم رکھے۔ آپکے اوصاف اگر کچھ بھی بیان کیے جاویں۔ تو یہ رسالہ ایک بڑی کتاب ہو جاے۔ آپکے تعینات پانچ خلیفہ ہیں منشی شیخ محمد رشید علیخاں صاحب انصاری حکیم صاحب حاجی مولوی محمد مجتبی خان صاحب سید خان صاحب ولایتی کہ جنکا غزنی میں فیض جاری ہو رہا ہے۔ مولوی عبد العزیز صاحب رئیس سینٹھہ ضلع بلندشہر جنکی بانی ہر دو خورد و کلاں قصبہ سینٹھا و بہر یاب ہیں مولوی سید محمد حسین صاحب رئیس سلیم پور جو قریب غازی پور کے پورب کی جانب چھ کوس ہے۔ ۴۳

حضرت محمد رشید علیخاں صاحب عرف منشی صاحب یعنی مد ظلہ العالی۔ اول آپنے فیض باطنی حضرت حافظ محمد عباس علیخاں صاحب اپنے چچا زاد بھائی رئیس امروہہ سے حاصل کیا۔ اور خلافت پائی بعدہٗ آپکا ظرف عالی دیکھکر حضرت حافظ صاحب ممدوح نے آپکو حضرت مولانا و مرشدنا محمد ولی النبی صاحب مد ظلہ العالی کی خدمت اقدس میں پہنچایا۔ یہاں آپنے فیض پایا۔ اور تمام و کمال مقامات مجددیہ حاصل کر کے بمقام دہلی خانقاہ شریف میں بروز عرس حضرت زا صاحب رح مجمع کثیر میں خلافت و خلعت سے معزز و ممتاز ہوے۔

حضرت مولانا و مرشدنا نے اپنی دست مبارک سے آپکی فرق مبارک پر عمامہ باندھا اور خرقہ پہنایا اِس شان سے خلافت حضرت قبلہ و کعبہ کے خلفا میں آپ ہی کو ہوئی ہے۔

ایک مرتبہ حضرت صاحب قبلہ و کعبہ نے حضرت منشی صاحب قبلہ سے اِس احقر کی موجودگی میں فرمایا کہ منشی صاحب اب آپ حلقہ میں شریک ہونے کے واسطے نہ آیا کیجیے۔ اسواسطے کہ اب مجھ میں اور آپ میں کوئی فرق نہیں رہا ہے۔ جو میں ہوں۔ وہی آپ ہیں۔ اب اگر حلقہ کے وقت آپ ہوتے ہیں تو حضرت صاحب قبلہ و کعبہ آپ کو رخصت فرما دیتے ہیں۔ یا خود اندر تشریف لیجاتے ہیں۔ اِس غرض سے کہ خدام کو آپ توجہ دیں۔ ولادت شریف آپکی پیر کے دن بتاریخ دسویں شوال ١٢٦٥ھ کو ہوئی۔ آپکا اسم مبارک تاریخی ہے۔ اللہ تعالے بطفیل حضرت اطہر آپکی سلامتی میں اِس احقر العباد کو اپنی محبت و معرفت عطا فرما کے۔ اور خاتمہ بخیر کرے۔ آمین ثم آمین

تمت

Marfat.com

نسب نامہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناجات

الٰہی تو ہے ہر کہیں جلوہ گر
یہ قسمت مری جو نہ آئے نظر
میسر مجھے وہ بصارت نہیں
وہ دل آشنائے حقیقت نہیں

نہیں دخلِ نقصاں تری ذات میں
تو یکتا ہے کامل ہے ہر بات میں
نہ تو خواہش سے صبح و مسا
ہیں دن رات پابند حرص و ہوا

تو خلاق و رزاق ہے لاشریک
تو سب سے جدا اور سب کا شریک
کوئی لکھے کس طرح تیری ثنا
نہ ہمسر ہے کوئی نہ ثانی ترا

تو قادر توانا ہے بے دست و پا
رہِ حمد کا طے ہو گیا مرحلہ
گنہ میں مرے دن رات کھو گئے
انہیں بخشدے تو نبی کے لئے

سوا تیرے کس سے کروں التجا
تجھی سے ہے امیدِ عفو و عطا
ٹھہر اے قلم ہے ادب کا مقام
بس اب ہو نبی پر درود و سلام

سلام

صلوٰۃ و سلام احمدِ پاک پر
حبیبِ خدا شاہِ لولاک پر
سلام علیک اے شہِ دوسرا
سلام علیک اے مہِ والضحیٰ

رسولوں کے سرور سلام علیک
خلائق کے رہبر سلام علیک
سلام علیک اے شہِ انس و جاں
سلام علیک اے شفیعِ جہاں

نبی مکرم سلام علیک
رسولِ معظم سلام علیک
سلام آپ پر آلِ دیندار پر
اور اصحاب و ازواجِ اطہار پر

نسب نامہ مع تمہید

پس حمد لکھتا اب خامہ ہے
ولی نبی کا نسب نامہ ہے
مگر اصل مطلب سے پہلے بیاں
وہ احوال ہے قفلِ کامِ زباں

ہوا جس سے خلقت کا تخم آشکار
اور انکی ہیں پرتو رسالتمآب
عیاں علم حق سے ارادہ ہوا
کیا پانی سے موج کو آشکار
زمیں سے عیاں صورت خاک کی
نیا جلوہ اپنا ہویدا کیا
ملقب کیا نقطۂ آدم کو سات
ہوئے شیث پہر انکی نور نظر
خدای جہاں نے بصد کر و فر
بیارد ہیں انکے پسر بیگمان
ہوئے انکے پیدا وہ عالی مقام
خدا نے جو فرزند انکو دیا تو
جو شالخ سے عابر کو پیدا کیا
کیا اسنے شالخ کو دہر میں
خدا نے جو احسان اپنا کیا
پہر انکے پسر دین کے بادشاہ
یہ ثابت ہے ثابت تہے انکے پسر
یکو بعد دیگر ہویدا ہوئے
دیا انکو فرزند عالمیتام
نضر سے ہوئے مالک فی حشم
تو ہی انکے بیٹے پہ کعب کے

یہ نقشہ کہینچا تہا بعد ہزار
ہوئے انسے خلقت میں فیضیاب
ارادے سے قدرت نکو پیدا کیا
بنے موج سے جہاں گا انجام کار
نشانی ہے جو قدرت پاک کی
زمیں پر خلیفہ کو پیدا کیا
وہ کرتا رہا شکر ہر دم کو ساتھ
نبوت کے اکرام سے بہرہ ور
کیا انسے قینان کو جلوہ گر
پہر اخنوخ فرزند جنت نشاں
جنہیں خلق کہتی ہے سلک تمام
ملقب جہاں میں اُو سامنہ ہوا
کیا انکو فرزند فالغ عطا
خدا نے بکرم ہر اک شہر میں
براہیم کو اُنسے پیدا کیا
نبی مکرم ذبیح اللہ
اور انسے سلامان ہے ہو جلوہ گر
تہ آسمان عالم آرا ہوئے
کہ تہا محمد کہ جنکا مشہور نام
اور انسے فہر کو کیا محترم
عدی اور منسے انکی پیدا ہوئے

کہ ذات خدا سے جہاں ہے قدیم
انہیں کے سبب سے ہوا جو ہوا
پس چند مدت بنا اک گہر
وہی جہاں گہر جسم گئی ہر کہیں
پس مدت بعید و بی شمار
بنا ادریس خازن اسرار کا
نبوت کا خلعت عنایت کیا
انوش انکی فرزند والا تبار
جو انکی پسر کا یہ دے تسلیم
پسر انکا جو نیک انجام تہا
کیا نوح کو حق نے انکا پسر
پہر ارفخشد و شالخ با خبر
ہوئے اُنسے ارغو تہ آسمان
دل افروز ناخور انکے ہوئے
ہوا فضل یہ خاص رب جلیل
خلف انکی قیدار پیدا ہوئے
ہمیسع و اُدو و اُد۔ عدنان نام
پہر الیاس کو حق نے ظاہر کیا
ہوئی شہرت ازشیت فخر جہاں
پہر انسے ہوا غالب جلوہ گر
نکو رو نکونام نیکو صلاح

ہوئی انکے تو صفات عظیم
طفیل انکے ہوگا جو ہوگا سدا
گہر سے کیا پانی کو جلوہ گر
بنی یک شئی نام جسکا زمیں
اٹہی خاک سے حق نے با صد وقار
کرم کیا جملہ ابرار کا تو
سرفراز اعزاز عظمت کیا
ہوئے عالم افروز لیل و نہار
تو مہلیل سے پہر مہلائل رسیم
متوشلخ دہر میں نام تہا
رہی عمر پہر قوم کے راہبر
کہ اول یہ ہیں قوم ہیں پیمبر
تہی نام اور تہی کا ودان
کہ تارخ جگر بند جنکے ہوئے
کیا انکو ارشاد اپنا خلیل
حمل پہر شرف بخش دنیا ہوئے
معد و نزار و مضر۔ لا کلام
نبوت کی ہے ید روشنی ظاہر کیا
خزیمہ کنانہ نضر بیگمان
کیا حق نے ہر طور سے نامور
صدو سے ہوئے رونق افزا رواج

Marfat.com

قرط انکے فرزند فرخندہ جاہ
ہوا شیخ عبد عمر کا اُنسے ظہور
ازاں بعد باشوکت کروفر
دکھایا جو دین خدا کا جلال
صفت انکی ورع کی کیا ہو بیاں
ہوئی انکے فرزند عبد الہ
براہیم انسے ہویدا ہوئے
ہر اک انمیں واعظ برابر رہی
تولد ہوئے اُنسے مثل قمر
سپہر سعادت کے بدر منیر
جگر بند انکے ہوے مقتدا
شعیب انکے فرزند والا گہر
پہر اسحاق خورشید معنی نما
سرور دل و جان و نور نظر
پسر کا بہی نام ہو نقش گیر
رقم کر تو نام انکی فرزند کا
پسر انکو حق نے دیا رشک ماہ
شہ کشور دین حق فرخندہ پے
پسر انکی آگاہ راز صمد
سراپا تہے مانند خورشید نور
رسولوں سی جو کام حق نے لیا

قرط کے جگر بند عبد الہ
اور اس سے فضیل سراپا شعور
ہوئے عالم افروز حضرت عمرؓ
سر آل و عترت ہوئے کیا یا نہاں
لرزتے تھے شاہان کشورستاں
جہان شریعت حقیقت پناہ
پہر اسحاق عالم میں پیدا ہوئے
ملقب بہ اکبر بہ اصغر رہے
سلیمان نامی گرامی پسر
مع الدین پیدا ہوے بے نظیر
ہوئی دہر میں یوسف مہ لقا
حمید صفات و فرشتہ سیر
مہ عالم زہد و تقوے ہوئے
کیا حق نے یوسف کو انکا پسر
اگر دین سے پہلے لکھے نظیر
امام رفیع او دین کو ملا
سراپا سعادت حبیب الہ
ہوئی نور بخش نظر عبد حی
ستودہ سیر شیخ عبد الاحد
مجدد ہیں مشہور نزدیک و دور
وہی تہا پسر انکی تجدید کا

ولد انکے ذیجاہ و ذی اقتدار
پہر اُنسے وہ پیدا ہوئے خوش کلام
شجاع عدو بند کشور کشا
قوی دین حق انکی شمشیر سے
کہا کرتے تہے ان کو خیر البشر
عنایت کیا حق نے انکو پسر
ہوئی جلوہ گر مہر عبد الہ
جو تہے واعظ اصغر بنات روز
ہوا پہر جو منظور اللہ کو
جو لکہے اسیطرح لفظ شہنشاہ
ہوئی شیخ احمد جو انسے عیاں
ہوئی لخت دل انکے عبد الہ
پسر انکے عبد اللہ پاک ذات
خدا نے جو احسان اپنا کیا
ہوئی جانشیں انکی لائق پسر
یہ بانی سرہند ہیں لا کلام
بڑا فضل خالق نے اپنا کیا
کری زیب تحسین سے خیم گر عابدین
جگر بند انکے شہ عارفاں
ملا ہی کسیکو نہ یہ مرتبا
کمال نبوت دیا ہے انہیں

رباح سپہ شہید روزگار
کہ مشہور جنکا تہا خطاب نام
جہان خلافت کے فرمان روا
تحیر میں کفار تدبیر سے
اگر میں نہ ہوتا تو ہوتے عمرؓ
اسیلئے بہ ناصر حقیقت نگر
یکی ابن دم نور بخش نگاہ
ہوئی انسے مسعود عالم فروز
کیا خلق محمود ذیجاہ کو
پسر کا ہو نام انکے امید شتاب
بنا عالم نور سارا جہاں
بڑی اہل تقوے بڑی دین پناہ
حمید خصال و ستودہ صفات
سلیمان کو انسے پیدا کیا
فلک مرتبہ نور دل آگہشتہ
انہیں سے ہے یہ شہر نامی مدام
کہ انسے محمد کو پیدا کیا
عیاں انکے فرزند ہو یا یقیں
جناب احمد پیشوائی جہاں
جو انکو کیا ہی خدا نے عطا
کمال رسالت ملا ہی انہیں

Marfat.com

مقامات جتنے ہیں انکو ملے
ولیونمیں ایسا ہوا کون ہے
یہ نائب اولوالعزم حضرت کے ہیں
وہ احمد رسول و حبیب خدا
وہ ہیں آفتاب عرب شاہ دیں
جدہر دیکھے انسان اہل بصر
مکانات سب مثل ایوان خلد
یہ انوار سب ذات حضرت کی ہیں
بہت انکے پیرو ہیں ہر شہر میں
جو انکو ملا ایزد پاک سے
خصوصًا وہ روضہ کہ شام و پگاہ
وہ قبہ ہے یا القبہ نور ہے
ملک ہر طرف پھر کے سب شرف
الٰہی تو کر کوئی ایسا سبب
زیارت سے اُس تربت پاک کی
نہ باقی تمنا نہ حسرت رہے
تو مقبول فرما میری یہ دعا
شرف بخش یا پھر کمال
دیا انکو خالق نے نور نگاہ
شریعت لعقیدت میں یکتا ہے پھر
نہیں اب کوئی اُن سا ہوا پارسا

کسی سے بھی اتنے نہ ثابت ہوئے
مجدد ہزاری بنا کون ہے
ولی یہ مقام نہایت کے ہیں
یہ احمد ولیوں کے ہیں پیشوا
یہ مہتاب سرہند ہیں بالیقین
عجب عالم آئے نظر کو نظر
گلی کوچے رشک خیابان خلد
شہنشاہ ملک ولایت کے ہیں
یہ ہیں سید الطائفہ وہر سیا
وہ باہر ہے امکان ادراک سے
فدا دل ہو جی پر تصدق نگاہ
وہ تربت تو نور علی نور ہے
ادب سے کھڑے رہتے ہیں ہر طرف
کہ پھر دیکھوں جا کر وہ جا ادب سے
کروں میں خوشی جان نچھاور کی
نہ پروا ہے بیم قیامت رہے
طفیل محمد شہ انبیا
پسر انکے یعقوب و سیف جمال
سراپا مقدس ولی الٰہ
ضیاء النبی شاہ فیروز پھر
محمد ولی النبی شہ ہے سوا

ولایت کا رتبہ ہر ایک کو دیا
بیاں کوئی کیا انکا رتبہ کرے
ہیں سید قریشی نبی الورا
وہ احمد جناب رسالتمآب
زہے شہر سرہند رشک بہشت
کھلے دل یہاں کا نیا طور ہے
چمن روح پر فضا دل کشا
برستا یہاں روز و شب نور ہے
علوم حقیقت میں وہ نامی ہیں
کوئی انکے رتبے کو کیا پا سکے
تجلی فزا صورت طور ہے
نظر آتی ہے شان قدرت یہاں
مجھے یاد آتے ہیں شام و سحر
جگر سے ملوں روضۂ پاک کو
دکھا دے یہ روضہ قصر گردوں محل
اگر تجکو یا رب ہو منظور یہ
پسر انکے حضرت محمد سعید
پدر کی طرح سے فضیلت مآب
پسر کا ہو نام انکے اسد عیاں
شرف بخش پیر جوان و صبی
کریم و رحیم و حلیم و ولی

کمال اولوالعزم انکو ملا
جو انسان ہو وہ بیاں کر سکے
یہ شیخ القریشی ولی خدا
یہ احمد جناب ولایت مآب
ہوا مشک بو خاک عنبر سرشت
زمیں ادہر ہے آسماں ادہر ہے
ہوا میں دم عیسوی کا مزا
جو ذرہ ہے یہ وہ ذرہ طور ہے
شریعت طریقت میں یکتا ہے وہ
ادہر وہم انساں کہاں جا سکے
جو قبہ ہے وہ قبہ نور ہے
فلک سے برستی ہے رحمت یہاں
وہ روضہ کہ سجدے کیے دیوار و در
کروں سرمہ چشم دل خاک کو
دل و جان کے ارمان جائیں نکل
تیری فضل سے کچھ نہیں دور یہ
شہ اولیا مخزن علم دین
ہوئے عصمت اللہ عالیجناب
عنایت سے اول نبی کی بنا
شہ ملک عرفاں حبیب النبی
محمد صدی ہیں بعد ان کے ازدی

Marfat.com

ولی خدا و ولیٔ نبی
جناب محمد ولی الغنی

جو واقف ہیں وہ در ہیں جانتے سبھی
ولایت کے قائل ہیں انکی سبھی

خلیل الغنی انکے نور نظر
طریقت شناسا حقیقت نگر

بحق جناب ولی الغنی

کروں انکی تعریف کیا کیا رقم
نہ طاقت زباں میں نہ زور قلم

غلامی سے جنکی حاصل ہوئی
اوسی شمر ربی وجاہت ملی

حسیب الغنی سے وہ سرور ہیں
سرفراز دل و جان منظور چمن

مرادیں ہوں پوری سب آغاز کی

مناجات بدرگاہ قاضی الحاجات

الٰہی بحق رسول امیں
طفیل بزرگان اصحاب دیں

نہیں حرص سیم و درم کی مجھے
تمنا ہے تیری کرم کی مجھے

سراپا ہوں آلودہ عصیاں سے
مجھے بخشدے اپنے احسان سے

تری ذات غفار و ستار ہے
مرا نفس سرکش ہے بدکار ہے

اُسی کا یہ ہمدم و دمساز ہے
وہی اسکا مونس ہے ہمراز ہے

کرم سے تو کر ایسی کافر کو دور
وہ توفیق دے جس سے ہو وے نفور

کرے ترک دنیا کے لہو و لعب
عبادت میں تیری رہے روز و شب

نہ پھرے والا مقامی کرے
ترے در پہ ظاہر غلامی کرے

نہ جانے کسیکو یہ دمساز دل
تجھی سے کہے جو کہے راز دل

کیا تو نے پیدا عدم سے مجھے
دیا نور ایماں کرم سے مجھے

کیا دین اسلام سے بہرہ ور
دیا مجھکو ایمان قرآن پر

میں ہوں معتقد انکی ہر بات کا
ولایت کا کشف و کرامات کا

ادا میں کروں شکر تیرا محال
مری کیا حقیقت مری کیا مجال

کہ دنیا میں جبتک جئیں وہ ہوں
ترا تابع حکم بندہ رہوں

دم مرگ ہو فضل سے بہرہ ور
مرا خاتمہ ہووے ایمان پر

محبت تو اپنی عطا کر مجھے
چھڑا سب سے اپنا بنا کر مجھے

گناہوں سے اپنے پشیماں ہوں میں
ندامت سے سر در گریباں ہوں میں

سیہ کاریوں کو تو افشا نہ کر
مجھے دن قیامت کے رسوا نہ کر

بچے رہبری راہ ناصواب
بلا اسکو شیطان خانہ خراب

اسیکے ہے گھنی میں لیل و نہار
وہی اسکا ہمدم وہی غمگسار

مئے جام وحدت پلا دے ابھی
رہ حق پرستی دکھا دے ابھی

تجھے اپنا خالق سمجھتا ہے
تجھی پر دل و جاں سے شیدا ہے

سمجھکر تجھے خاص بندہ نواز
جھکاتا ہے سر آگے فرق نیاز

میں محتاج ہوں تو ہے حاجت روا
سوا تیرے کس سے کروں التجا

ترا فضل ہے تو نے اپنا کیا
محمد کی امت میں پیدا کیا

عنایت کرم سے سحرگاہ و شام
بزرگان دیں کا بنایا غلام

تری نعمتوں کی نہایت نہیں
کمال عنایت کی غایت نہیں

یہی اب ہے یارب مری التجا
یہی آرزو ہے یہی مدعا

خوشی میں ہوں یا غم کے جنجال میں
نہ بھولوں تجھے میں کسی حال میں

غلام شہ انبیا جانکر
سوال نکیرین آسان کر

Marfat.com

فشار لحد ہو نگر سے نجات
مری آل کو خرم و شاد رکھ
نہ گوریں تیرے انعام سے
انہیں خفتگان اجل خواب سے
جگہ دے تہ عرش اعظم مجھے
عملنامہ دو داہنے ہاتھ میں
شفاعت کر اپنے نبی کی نصیب

ہم آغوش گل جیسے صبا صبح
ہمیشہ تہ چرخ آباد رکھ
رہوں حشر تک عیش و آرام سے
پریشان ہوں داغ تپ و تاب سے
عنایت ہو ظل کرم مجھکو
کھڑا ہوں میں ابرار کے ساتھ میں
جو ہیں دونوں عالم میں تیرے حبیب
طفیل انکے دے قصر جنت مجھے

در و والدین مرے اقربا
رہیں دین حق پر رہیں مستقیم
شفاعت سے تو میری جب تو فصیح
سوا نیزہ پر آئے جب آفتاب
دکھائی اگر تشنہ جانی اثر
پھر اسوقت حوض کوثر کا
شفیع امم پیشوائے انام
دکھا جلوہ خاص رحمت مجھے

رہیں دونوں عالم میں [illegible]
بشیطان گمراہ کی [illegible]
قیامت کا غوغا [illegible]
تمازت سے ہوں اہل محشر خراب
مجھے آب کوثر سے سیراب کر
حساباً یسیرا کا امیدوار
جناب محمد علیہ السلام

قطعہ تاریخ رسالہ ہذا عالیجناب مولوی محمد کریم اللہ خان صاحب خوشنویس رامپوری

رسالہ در زبان فارسیہ
ز حال خاندان نقشبندان
چو اعز الدین احمد کرد اردو
نسب نامہ مجدد الف ثانی

مصنف شیخ بدر الدین ماہر
مفصل بود از اول تا باخر
پی نفع خلایق گشت ناظم
مع شجرہ و ہم جملہ مظاہر

کریم از بہر لفظ دان تاریخ
وصال احمد کی فضل جواہر
۱۲۱۶ ھ

حق تالیف و تصنیف محفوظ ہے۔ کوئی صاحب بدون اجازت مؤلف رسالہ ہذا کو طبع نفرمائیں جن صاحبوں کو یہ رسالہ درکار ہو [illegible] بذریعہ ویلیوپی ایبل طلب فرمائیں قیمت ۴ ؎
پتہ۔ محمد اعز الدین احمد مالک [illegible] رامپور [illegible]

Marfat.com

اشتہار

حدیقۂ حامدی ریاست رامپور

یہ ہندوستانی نظم و نثر کا (۳۰۶) صفحہ کا رسالہ تقطیع کلاں حسب منشاے سرکار نامی ہندوستان عالی حضور پر نور نواب محمد حامد علی خاں صاحب بہادر والی ریاست رامپور دام ملکہم معنون ہے۔ اگست ۱۸۹۵ء سے نہایت باقاعدہ طور پر ہر انگریزی مہینے کی یکم کو شائع ہوتا ہے زمانہ حال کے مسلم الثبوت اساتذہ عالیجناب **منشی امیر احمد صاحب** مینائی مدظلہ العالی اور عالیجناب **محمد امیر اللہ صاحب** تسلیم لکھنوی مدظلہ العالی کا کلام اس میں درج ہوتا ہے ہندوستان کے نامور اور سربر آوردہ شعرا اس کی سرپرستی فرماتے ہیں آخر میں **تاریخ طبقات ناصری** کا ترجمہ اردو دانہ صفحوں پر شائع ہوتا ہے۔ خود طبقات ناصری ایک عجیب و غریب کتاب ہے مگر کلکتہ کے ایشیاٹک سوسائٹی نے اسکو نہایت غلط شائع کیا ہے۔ اس اردو کے ترجمہ میں ان غلطیوں کی اصلاح اور نہایت مفید تحقیقات متوخانہ اور جغرافیہ کی موشگافیاں حاشیہ پر درج ہوتی ہیں کوئی شہر اور مقام ایسا نہیں ہے جسکی بابت حاشیہ میں پوری پوری تشریح نہ ہو کہ وہ مقام کہاں ہے۔ اور اب تک کیا نام ہے ان حواشی سے طبقات ناصری کی قدر و منزلت بہت زیادہ ہو گئی ہے۔ علاوہ اس تاریخ کے **مضامین علمی** بھی اس میں نہایت اعلیٰ درجہ کے شائع ہوتے ہیں ایک مضمون یہ بھی لکھا گیا ہے کہ عربی و فارسی کے الفاظ کس طرح پر ہماری زبان میں داخل ہیں **علامہ حاجی خلیفہ** کشف الظنون اور **ابو طاہر طیب** کے سوانح عمریاں وغیرہ بھی چھپ رہی ہیں غرض حدیقۂ حامدی کی فخر و ناز ہے۔ باوجود اس قدر ضخامت کے ان خوبیوں کی قیمت محض **بارہ آنہ** سال مع محصول ڈاک ہے۔ **نمونہ کا پرچہ بلا وصول ڈیڑھ آنہ نہیں بھیجا جاتا** اور یہ بھی معلوم ہو کہ قیمت پیشگی روانہ کیا جاتا ہے **خریداران** حدیقۂ حامدی کے واسطے یہ امداد کی بھی ایک صورت نکالی ہے کہ حدیقۂ کے منتظمین اگر کسی خریدار کو ریلوے کی حادثہ سے نقصان پہنچیگا تو حدیقۂ حامدی اسکے وارثوں کو پچیس روپیہ بطور امداد نذر کریگا۔ آئندہ اضافہ بھی کیا جائیگا۔ **صاحبان اخبار** نے جو کچھ اس پرچہ کی نسبت ارشاد فرمایا ہے اسکی اطمینان کے واسطے **خیر خواہ عالم** دہلی نمبر جلد ۲۰ **نظام الملک**

الحمد للہ کہ کتاب مستطاب بتاریخ ۱۶ ماہ جولائی ۱۸۹۶ء بمطبع مطلع العلوم مرادآباد رونق انطباع پذیرفت

مرادآباد ... رسالہ الفضل ... اخبار ...

اشتہار

حدیقۂ حامدی ریاست رامپور

یہ ماہواری نظم و نثر کا (۳۶) صفحہ کا رسالہ تقطیع کلاں حسب منشاے سرکار نامی بندگان عالی حضور پرنور نواب محمد حامد علی خان صاحب بہادر والی ریاست رامپور دام ملکہم معنون ہے۔ اگست ۱۸۹۵ء سے نہایت باقاعدہ طور پر ہر انگریزی مہینے کی یکم کو شائع ہوتا ہے زمانہ حال کے مسلم الثبوت اساتذہ عالیجناب منشی امیر احمد صاحب مینائی مدظلہ العالی اور عالیجناب محمد امیر اللہ صاحب تسلیم لکھنوی مدظلہ العالی کا کلام ہر نمبر میں ہوتا ہے۔ ہندوستان کے تمام اور سربرآوردہ شعرا اسکی سرپرستی فرماتے ہیں آخر میں تاریخ طبقات ناصری کا ترجمہ اردو دس صفحوں پر شائع ہوتا ہے چونکہ طبقات ناصری ایک عجیب و غریب کتاب ہے۔ گر کلکتہ کے ایشیاٹک سوسائٹی نے اسکو نہایت غلط شائع کیا ہے۔ اسکے اردو ترجمہ میں ان غلطیوں کی اصلاح اور نہایت مفید تحقیقات متورخانہ اور جغرافیہ کی مع تحقیق حاشیہ پر درج ہوتی ہیں کوئی شہر اور مقام ایسا نہیں ہے جسکی بابت حاشیہ میں پورا پورا پتہ نشان نہ ہو کہ وہ مقام کہاں ہے۔ اور اب کیا نام ہے ان حواشی سے طبقات ناصری کی قدر و منزلت اور بھی زیادہ ہو گئی ہے علاوہ ازیں تاریخی مضامین علمی بھی نہایت عمدہ درجہ کے شائع ہوتے ہیں ایک مستقل مضمون بھی لکھا جاتا ہے کہ عربی فارسی کے الفاظ کس طرح یورپ کی زبانوں میں داخل ہیں علامہ حاجی خلیفہ کشف الظنون اور ابو طاہر طیب کے سوانح عمریاں غیرہ بھی چھپی ہیں غرض حدیقہ حامدی کی قدر دانی ہے۔ باوجود اسقدر ضخامت اور ان اعلیٰ خوبیوں کے قیمت صرف بارہ آنہ سال مع محصول ڈاک ہے نمونہ کا پرچہ بلا وصول ڈیڑھ آنہ نہیں بھیجا جاتا ہے۔ اور یہ ہی قیمت پیشگی روانہ کیا جاتا ہے۔

خریداران حدیقہ حامدی کے واسطے یہ امداد کی بھی ایک صورت نکالی ہے کہ اگر کسی خریدار کو دیلی میں حادثہ سے جانی نقصان پہنچیگا تو حدیقہ حامدی اسکی ورثا کو بطور امداد ... روپیہ نذر کریگا۔ آئندہ اضافہ بھی کیا جائیگا۔ صاحبان اخبار نے جو کچھ اس پرچہ کی نسبت ارشاد فرمایا اسکے ملاحظہ کے واسطے خیر خواہ عالم دہلی نمبر ۱۹ جلد (۲) نظام الملک

الحمد للہ کہ کتاب مستطاب بتاریخ ۱۶ ماہ جولائی ۱۸۹۵ء بمطبع مطلع العلوم مراد آباد رونق انطباع پذیرفت

مراد آباد ۵ دسمبر جلد ۱۵۔ رسالہ الخیال لکھنو فروری ... اخبار وفادار ... اخبار نیر اعظم ... دبدبہ آصفی حیدرآباد دبدبہ سکندری رامپور ... المستقیم محمد اعزاز الدین احمد ... حدیقہ حامدی رامپور

مالک مولانا مولوی محمد حسین صاحب نقشبندی مجددی

اللہ یجتبی الیہ من یشاء ویہدی الیہ من ینیب

حمد خدای قادر بیچون و بیچگون کہ درین زمان سعادت مشحون کتاب مستطاب مشتمل بر حالات و کرامات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی نقشبندی سرہندی قدس سرہ مسمی بہ

ارتحال مجددی
وصال احمدی

تالیف و تصنیف ناظم و نثار شیرین بیان سخن سنج جناب منشی محمد اعزاز الدین احمد صاحب مالک کتب خانہ عام و گلدستہ حدیقہ حامدی متخلص بہ اعزاز صدیقی نقشبندی مجددی رامپوری

در مطبع مولوی محمد علی موسوم بہ مطلع العلوم مرادآباد طبع

Marfat.com